(Sense-Organ) کا ترجمہ "الحاسّہ" درست نہیں۔ "عضوِ حاس" یا "آلۂ احساس" یا صرف "حاس" کہنا چاہیے۔ (Substantial) کے لیے قدیم اصطلاح "جوہری" ہے، اسے چھوڑ کر "جوہر آسا" کہنے کی کیا ضرورت ہے؟ (activity) کے لیے "فعالی" کی اصطلاح درست نہیں، فعل اور فعلیت اور فاعلیت کی اصطلاحیں پہلے سے رائج ہیں۔ (Predestinatinoist کے لیے "قدری" نہیں بلکہ "جبری" کی اصطلاح ہے۔ "قدری" اس کو کہتے ہیں جو انسان کے لیے آزاد ارادہ" (free-will) کا قائل ہو۔ "متکثر" یا "متعدد" کے لیے مترجم نے "کثرت آسا" کی اصطلاح استعمال کی ہے جو بالکل غیر مانوس ہے۔ Phenomena) کے لیے انہوں نے "مظاہر" کا لفظ پسند کیا ہے، مگر قدیم اصطلاح "آثار" ہے اور یہی لفظ قرآن میں بھی اس معنی کے لیے استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح "نوری" یا "نورانی" کے لیے "نور آسا"، "احاطہ کے معنی میں "احصار"، "علم الاحکام" یا "فقہ" کے لیے "علم الفرائض"، "آن" کے لیے "غیر ممتد لمحہ" کی اصطلاحیں بھی نامناسب ہیں اور ان میں اصلاح کی ضرورت ہے۔

A New Muslim World In Making " تالیف حافظ فضل الرحمن انصاری بی۔ اے علیگ۔ شائع کردہ آل ملایا مسلم مشنری سوسائٹی، سنگاپور۔

فاضل مصنف مسلمان قوم کے ان نوجوانوں میں سے ہیں جن سے بڑی امیدیں وابستہ کی جاسکتی ہیں۔ ابھی ان کا زمانہ طالب علمی ختم بھی نہیں ہوا ہے اور ابھی سے انہوں نے قابل قدر علمی خدمات انجام دینی شروع کر دی ہیں۔ اپنی اس تازہ تصنیف میں وہ عہد جدید کی تاریخ کا بالکل ایک نیا باب پیش کرتے ہیں جس کو آرنلڈ کی (Preaching of Islam) کا بہترین ضمیمہ کہا جا سکتا ہے۔ زمانہ حال میں اسلام اپنے پیروؤں کی مادی اور روحانی کمزوریوں کے باوجود جس طرح ایشیا، یورپ، افریقہ، امریکہ، اور کرۂ زمین کے بعید ترین جزائر میں پھیلا ہے اور پھیلتا جا رہا ہے اس کی ایک مکمل تصویر آپ